سوال نمبر :15814

منجانب ظفر اعظم صاحب ، ایم پی اے

کیا وزیر سوشل ویلفئیر ارشاد فرمائیں گے کہ

نمبر شمار	سوال	جواب
(ا)	بور ڈ کی آخری میٹنگ کب ہوئی تھی اور محکمہ ہٰذا کو مالی سال -2018 19اور 20-2019میں کتنا فنڈ فراہم کیا گیا ہے نیز سینئر سٹیزن کیلئے مراعات کی تفصیل فراہم کی جائے تاحال اس پر کتنا عمل ہوا ہے ۔	خیبر پختونخوا سینئر سٹیزن کونسل کی آخری میٹنگ 24ستمبر 2020 کو منعقد ہوئی جس کی صدارت محترم وزیر برائے سوشل ویلفئیر کررہے تھے ۔ محکمہ ہذا کو اس مد میں سال 2017 میں صرف ایک کروڑ کی رقم مختص ہوئی ہے ۔ اس کے علاوہ حکومت خیبر پختونخوا ہ نے بزرگ شہریوں کی فلاح وبہبود کے لئے سینئر سٹیزن ایکٹ 2014 پاس کیا ہے اور ایکٹ کے مطابق محکمہ ہذا نے ایک صوبائی کونسل تشکیل دی ہے جو کہ بزرگ شہریوں کی فلاح وبہبود کیلئے سرگرم عمل ہے اب تک اس کونسل کی 5 میٹنگز منعقد ہوئی ہیں جس میں بزرگ شہریوں کی فلاح وبہبود کے لئے کئی اہم فیصلے کیئے گئے ہیں جس میں بزرگ شہریوں کے لئے تمام بڑے ہسپتالوں میں ایکٹ کے مطابق الگ کاؤنٹر کا قیام ، سرکاری ٹرانسپورٹ میں 50% رعایت ، میوزیم ، لائبریریوں میں فری انٹری وغیرہ ۔ جہاں تک کارڈ کے اجراء کا تعلق ہے تو محکمہ ہذا محدود وسائل کے اندر اس کے لئے کوشش کررہا ہے جبکہ محکمہ خزانہ نے اسکے لئے صرف ایک کروڑ کا بجٹ مختص کیا ہے جبکہ محکمہ کے پاس اب تک 6لاکھ سے زائد درخواستیں موصول ہوچکی ہیں جن پر کام جاری ہے عنقریب تمام سینئیر سٹیزن کو کارڈز جاری کئے جائینگے ۔